YOU COULD BE A LIFE SAVER

اعضاء کے عطیے سے متعلقہ قانون موسم بہار 2023 میں تبدیل ہو رہا ہے۔

2023 کے موسم بہار سے، اعضاء کے عطیہ کا نظام آپٹ آؤٹ سسٹم (اس سے خارج ہونے کا انتخاب) بن جائے گا۔ 'Daíthí's Law' کا مطلب ہے کہ آپ کے مرنے کے بعد آپ کے اعضاء کا عطیے کے طور پر لیا جانا ایک امکان ہو گا، جب تک کہ آپ آپٹ آؤٹ یعنی ایسا نہ کرنے کا انتخاب نہ کریں، یا کسی ایسے گروپ میں سے ہوں جس کو استثنا ہو، آپ کو ممکنہ طور پر اعضاء کا عطیہ دہندہ تصور کیا جائے گا۔

Organ Donation

HSC Public Health Agency

DoH www.health-ni.gov.uk

یہاں سے مزید جانیں:

organdonationni.info

اعضاء کا عطیہ ایک ذاتی فیصلہ ہے اور آپ کے پاس اب بھی انتخاب ہوگا کہ آپ عطیہ کرنا چاہتے ہیں یا نہیں۔

اگر آپ آرگن ڈونر یعنی عطیہ دہندہ نہیں بننا چاہتے تو آپ کو این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر سے آپٹ آؤٹ (یعنی خارج کیئے جانے کا انتخاب) کرنا ہوگا۔ آپ موسم بہار 2023 میں قانون کی تبدیلی تک اور اس کے بعد کسی بھی وقت ایسا کر سکتے ہیں۔

اُس وقت تک، اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کو مرنے کے بعد عطیہ دہندہ کے طور پر جانا جائے، تو برائے کرم این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر پر اپنا فیصلہ ریکارڈ کرنا جاری رکھیں۔

آپ جو بھی فیصلہ کریں، برائے کرم اپنے قریبی لوگوں سے بات کرنا یاد رکھیں تاکہ وہ مشکل وقت میں آپ کے فیصلے پر عمل درآمد میں مدد کر سکیں۔

قانون میں تبدیلی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، یا آپٹ آؤٹ کرنے کے فیصلے کو رجسٹر کرنے کے لیے، براہ کرم organdonationni.info ملاحظہ کریں۔

*** ان گروپوں میں شامل ہیں جن کو استثنا ہے:**

- جن کی عمر 18 سال سے کم ہے۔
- جن لوگوں میں نئے قانون کو سمجھنے کی ذہنی صلاحیت نہیں ہے۔
- شمالی آئرلینڈ کے زائرین
- عارضی رہائشی